## سوال

(16) سحری کی برکت سے کیا مراد ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ ''سحری کھایا کرو کہ سحری کھانے میں برکت ہے۔'' سوال یہ ہے کہ سحری کی برکت سے کیا مراد ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سحری کی برکت سے مراد شرعی برکت اور بدنی برکت دونوں شامل ہیں۔ شرعی برکت یہ ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کو ماننا اور ان کی اقتدا کرنا۔ جہاں تک بدنی برکت کا تعلق ہے تو اس سے مراد بدن کو خوراک پہنچانا ہے جس سے روزہ کی حالت میں قوت ملتی رہے گی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ الصیام

**صفحہ: 71**

محدث فتویٰ